16.10.2024

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ مرکز نے 2025-26 کیلئے ربیع فصلوں کیلئے کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ کر دیا ہے۔ اُس نے وارانسی پنڈت دین دیال اپادھیائے کیثر رخی پروجیکٹ کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ کابینہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کیلئے مہنگائی بھتے میں 3 فیصد اضافے کو منظوری دے دی ہے۔

☆ BJP کے رہنما، نائب سنگھ سینی، کل ہریانہ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت حلف لیں گے۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت نے اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تبادلۂ خیال میں مثبت اور تعمیری رول ادا کیا ہے۔

☆ نائیجیریا میں ایندھن کے ایک ٹینکر میں دھماکے سے 94 افراد ہلاک اور 50 زخمی ہوگئے ہیں۔

☆ اور...... کرکٹ میں بینگلورو میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ کا پہلے دن کا کھیل، بارش کی وجہ سے نہیں ہو پایا۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Cabinet - Decisions*

سرکار نے آج مارکیٹنگ سیزن 2025-26 کیلئے ربیع فصلوں کی کم از کم امدادی قیمتوں MSP میں اضافے کو منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں لئے گئے کابینہ کے فیصلوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنَو نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ سرکار نے کسانوں کی منافع بخش قیمتوں کو یقینی بنانے کیلئے ربیع کی فصلوں کی MSP میں اضافہ کیا ہے۔

SB - MM Ashwini Vaishnav - MSP

جناب ویشنَو نے کہا کہ سرکار نے اترپردیش میں گنگا ندی پر ایک نئے ریل اور سڑک پل سمیت وارانسی - پنڈت دین دَیال اُپادھیائے ملٹی ٹریکنگ پروجیکٹ کی تعمیر کی بھی منظوری دی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے کنکٹی ویٹی میں اضافہ ہوگا، لاجسٹکس کی قیمتوں میں اور تیل کی درآمدات میں کمی آئے گی اور CO2 کا اخراج بھی کم ہوگا۔ اس پروجیکٹ سے تعمیراتی مرحلے میں تقریباً 10 لاکھ دنوں کیلئے براہ راست روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ پر 2 ہزار 642 کروڑ روپے خرچ ہوں گے اور اِسے چار برسوں میں مکمل کیا جائے گا۔

مرکزی کابینہ نے مرکزی سرکار کے ملازمین کے مہنگائی بھتے DA اور پنشن یافتگان کے مہنگائی امداد DR میں 3 فیصد اضافے کو منظوری دی ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ DA اور DR میں اضافے سے مرکزی سرکار کے 49 لاکھ سے زیادہ ملازمین اور 64 لاکھ سے زیادہ پنشن یافتگان کو فائدہ ہوگا۔ اس سے سرکاری خزانے پر سالانہ 9 ہزار 448 کروڑ روپے کا بوجھ بڑھے گا۔

SB - 2100 - Ashwini Vaishnav on DA-F

## Haryana CM Oath

BJP کے سینئر رہنما نائب سنگھ سینی، کل دوسری مرتبہ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب کل پنچکولہ کے شالیمار گراؤنڈ میں ہوگی۔ اِس تقریب میں وزیر اعظم نریندر مودی کی شرکت کے پیش نظر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ اِس سے قبل آج دن میں جناب سنگھ نے قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب ہونے کے بعد گورنر Bandaru Dattatreya سے ملاقات کی اور ریاست میں حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔

حالیہ انتخابات میں جناب نائب سنگھ نے وزیر اعلیٰ کے امیدوار کے طور پر چناؤ لڑا تھا اور اُن کی پارٹی کو شاندار کامیابی ملی۔ لہٰذا آج اُن کا قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب ہونا، طے تھا۔

## Haryana Exam Results

ہریانہ کے کارگزار وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے آج قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب ہونے کے بعد کہا کہ 24 ہزار نوجوانوں کی تقرری کے امتحان کے نتائج کا کل اعلان کیا جائے گا۔

کارگزار وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا، اُن کی سرکار کی ترجیح ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان امیدواروں کو جو کہ ہریانہ پبلک سروس کمیشن اور ہریانہ اسٹاف سلیکشن کمیشن کی جانب سے چنئے گئے ہیں، اُنہیں تقرر نامے دیئے جانے سے قبل اضافی وقت دیا گیا ہے تاکہ وہ کیرکٹر سرٹیفکیٹ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کرسکیں۔ x

### J&K Swearing IN

نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبداللہ نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لے لیا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سری نگر کے شیرِ کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں جناب عبداللہ اور اُن کے کونسل کے وزراء کو حلف دلایا۔ نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر سریندر چودھری نے نائب وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ سکینہ Itoo، جاوید رانا، جاوید ڈار اور آزاد امیدوار ستیش شرما نے وزراء کے طور پر حلف لیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے پر عمر عبداللہ کو مبارکباد دی ہے۔ آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے عوام کی خدمت کے تئیں اُن کی کوششوں کیلئے نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز جموں و کشمیر کی ترقی کیلئے جناب عبداللہ اور اُن کی ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ x

### Prez - Mauritania Visit

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج ماریطانیہ پہنچ گئی ہیں۔ انہیں وہاں پُرجوش استقبالیہ دیا گیا۔

ماریطانیہ کے صدر محمد Ould Ghazouani نے Nouakchott-Oumtounsy بین الاقوامی ایئرپورٹ پر ، اُن کا استقبال کیا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ صدرِ جمہوریہ مرمو ماریطانیہ کے ایک روزہ دورے کے دوران کئی پروگراموں میں شرکت کریں گی۔

VC - Mayusha

### NITI Aayog Seminar

نیتی آیوگ، کل نئی دلّی میں methanol سے متعلق دو روزہ سیمنار اور نمائش 2024 کا انعقاد کرے گا۔ اِس تقریب کا اہتمام امریکہ کے methanol ادارے کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے۔ اِس میں پروجیکٹوں کی پیش رفت، مصنوعات، methanol کی پیداوار سے متعلق تحقیق و ترقی کے اقدامات، اُس کے استعمال اور دنیا بھر میں اس سے وابستہ تکنیکی پیش رفت کو اجاگر کیا جائے گا۔ اِس سیمنار کا اصل مقصد دنیا میں توانائی کی منتقلی کے حوالے سے methanol کے رول اور گرین شپنگ میں کاربن کے کم سے کم اخراج والے ایندھن کے طور پر methanol کے فروغ کو نمایاں کرنا ہے۔

نئی دلّی میں اِس تقریب سے پہلے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیتی آیوگ کے ایک رکن ڈاکٹر وی کے Saraswat نے کہا کہ methanol ایک ایسا بھر پور ایندھن ہے، جسے بائیو ماس، کوئلے اور قابل

تجدید ذرائع سمیت وسیع تر اندرون ملک اشیاء سے تیار کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ زیر زمین ایندھن سے بہت کم خرچ والا ایندھن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک میں صاف ستھری توانائی کی منتقلی کے معاملے میں ایک کلیدی رول ادا کرے گا۔ x

## Jaishankar SCO Takeways

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اسلام آباد میں سربراہانِ حکومت کی شنگھائی تعاون تنظیم SCO کونسل کی میٹنگ کو نتیجہ خیز قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس موقع پر نتائج پر مبنی 8 دستاویزات پر دستخط کیے گئے۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت نے تبادلۂ خیال میں ایک مثبت اور تعمیری اشتراک کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کے نقطۂ نظر سے 8 اہم نکات تھے، جن میں ایک کرۂ ارض، ایک کنبہ، ایک مستقبل کے نظریے پر مذاکرات شامل ہیں۔ انہوں نے DPI کا ذکر کیا اور کہا کہ ڈیجیٹل طور پر سب کی شمولیت، SCO میں اشتراک سے متعلق طریقۂ کار کا ایک حصہ بن چکی ہے اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے SCO، مشن لائف سے تحریک حاصل کر رہی ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت کی ذمہ داری سنبھالنے پر روس کو بھارت کی جانب سے نیک خواہشات بھی پیش کیں۔ x

## ISA - Assembly

بین الاقوامی شمسی اتحاد، ISA اسمبلی کا ساتواں اجلاس تین نومبر سے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگا۔ اس میں بین الاقوامی شمسی اتحاد کے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا، جس کا اثر توانائی تک رسائی، سکیورٹی اور روایات پر ہوتا ہے۔ اجلاس میں ممبر ملکوں کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی تاکہ وہ شمسی توانائی کو اختیار کرسکیں اور سولر لگانے کے کام میں تیزی لانے کی غرض سے فنڈ جمع کرسکیں۔

نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے مرکزی وزیر اور ISA کے صدر پرہلاد جوشی نے کہا کہ دنیا بھر کے رہنما ISA اسمبلی میں جمع ہوں گے تاکہ بڑے پیمانے پر شمسی توانائی اختیار کئے جانے کو فروغ دیا جاسکے۔

SB - 2100 - Prahlad Joshi

## SC Stubble Burning

سپریم کورٹ نے فضائی آلودگی سے متعلق اس کے حکم پر عمل نہ کرنے کی بنا پر ہریانہ اور پنجاب کی سرکاروں

پر نکتہ چینی کی ہے۔ یہ فضائی آلودگی ڈنٹھل وغیرہ جلانے سے پھیلتی ہے۔ جسٹس ابھئے ایس اوکا کی سربراہی والی بینچ نے فضائی معیارات سے متعلق کمیشن CAQM کو ہدایت دی ہے کہ ہریانہ سرکار کے اُن اہلکاروں کے خلاف تعزیری کارروائی کی جائے، جو اس کے حکم کی خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف کوئی قدم اٹھانے میں ناکام رہے ہیں۔

عدالت عالیہ نے اس سلسلے میں ہریانہ کے چیف سکریٹری سے 23 اکتوبر کو عدالت میں پیش ہونے کو کہا ہے۔ پنجاب کے چیف سکریٹری کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ بدھ کو عدالت میں موجود رہیں اور عدالت کو بتائیں کہ اس کے حکم پر عمل نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کوئی کارروائی کیوں نہیں کی گئی۔ x

## Goyal IFQM

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ سرکار ملک میں، معیاری مال بنانے کے ایک ایسے ماحول پر کام کررہی ہے کہ تیار کئے گئے مال میں کسی بھی قسم کی کوئی خامی نہ ہو۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ کوالٹی کنٹرول کے دائرے میں آنے والی مصنوعات کی تعداد بڑھ کر 732 ہوگئی ہے۔ جبکہ دس سال پہلے اس کی تعداد 106 تھی۔ جناب گوئل نے یہ بات آج نئی دلی میں ایک سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔x

## Nigeria Explosion

نائیجیریا میں ایندھن کے ٹینکر میں دھماکے سے کم از کم 94 افراد ہلاک اور 50 لوگ زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ کل رات شمالی Jigawa میں پیش آیا۔ مقامی میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ حادثے کا شکار ہونے والے بہت سے لوگ ٹینکر کے قریب موجود تھے۔ یہ لوگ سڑک پر گرا ہوا ایندھن جمع کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ ڈرائیور نے ٹینکر کا کنٹرول ، اُس وقت کھو دیا، جب وہ Kano سے Yobe ریاست کے شہر Nguru جارہا تھا۔ ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور پولیس تفتیش کررہی ہے۔ اس طرح کے واقعات نائیجریا میں عام طور پر ہوتے رہتے ہیں، جہاں ایندھن کی قیمتیں اوسط آمدنی کے مقابلے بہت زیادہ ہیں، خاص طور پر غریب دیہی علاقوں میں۔

اس سے قبل ستمبر میں Niger کی ریاست میں ایک ایندھن کے ٹینکر کی مسافروں اور مویشیوں کو لے جانے والی لاری سے ٹکرانے کے بعد 59 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ x

## Israel Lebanon

آج لبنان کے جنوبی شہر Nabatieh میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں ایک مقامی میئر سمیت 6 افراد ہلاک ہوگئے۔ اسرائیلی فوج نے آس پاس کے علاقوں کو بھی نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے

Nabatieh علاقے میں درجنوں ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور زیر زمین بنیادی ڈھانچے کو نیست و نابود کر دیا۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کی جانب سے لبنان میں جنگ بندی کی تجویز کو مسترد کیے جانے کے بعد یہ حملے کیے گئے ہیں۔ اِس سے متعلق ایک واقعے میں حزب اللہ نے کہا ہے کہ اُس نے شمالی اسرائیل کے Karmiel کی جانب سے کئی راکٹ داغے ہیں۔ x

## Cricket IND NZ Test

کرکٹ میں، بنگلورو کے ایم چناّ سوامی اسٹیڈیم میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ہونے والے پہلے ٹسٹ کا پہلا دن بارش کی نذر ہوگیا۔ کل کھیل جلد شروع ہونے کا امکان ہے اور کل ہی ٹاس ہوگا۔

بھارت، بنگلہ دیش سے دو - صفر سے جیت حاصل کرکے، جبکہ نیوزی لینڈ ، سری لنکا سے صفر - دو سے شکست کے بعد ، اس میچ میں آمنے سامنے ہوں گے۔

بھارت عالمی ٹسٹ چیمپئن شپ میں فی الحال سرفہرست ہے، جبکہ نیوزی لینڈ چھٹے مقام پر ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆